# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت النبی ﷺ کا موضوعاتی مطالعہ (دعوتی واخلاقی پہلو) (3909)　　سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)**

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ)

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ:1-4)

سوال نمبر1- موجودہ دور میں اساتذہ اپنے طلبہ کی اخلاقی تربیت کن مؤثر طریقوں سے کر سکتے ہیں؟ سیرتِ طیبہ کی روشنی میں ان طریقوں پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر2- حقوق کا مفہوم اور حقوق کی ادائیگی کی اہمیت بیان کریں نیز والدین کے حقوق پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3- عزم و استقلال کے مفہوم، اہمیت اور صورتوں پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4- قناعت کی اہمیت و افادیت سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں واضح کریں نیز موجودہ دور میں مادیت پرستی کے بڑھتے ہوئے رجحان کی روک تھام کے لئے تجاویز قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر5- حلم اور بردباری کی اہمیت سیرت نبوی کی روشنی میں بیان کریں نیز خاندانی زندگی کے استحکام کے لئے حلم کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ دعوت و تبلیغ کی ضرورت و اہمیت تفصیل کے ساتھ بیان کریں نیز اپنے دوستوں کو دعوت کیسے دی جاسکتی ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ دعوت و تبلیغ کے نبوی منہاج پر نوٹ لکھیں نیز عصر حاضر میں اس سے استفادہ کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ نفسیات کا مفہوم کیا ہے نیز معززین اور سرداروں کو دعوت دینے کا طریقہ کار سیرت نبوی کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ مخاطب کی غلطی پر تنبیہ کرنے کا درست طریقہ کار کیا ہے؟ واضح کریں۔ نیز کسی کے غلط عقائد کی اصلاح کیسے کی جاتی ہے؟ اسوہ رسول اکرم ﷺ کی روشنی میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سوشل میڈیا کے ذریعے دعوت و تبلیغ کی اہمیت اور طریقہ کار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)